رِضْوَانٌ ۔ لَئِنْ نَّصَرُوْھُمْ ۔ لَیُوَلُّنَّ

الْاَدْبَارَ ۔ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰی عَنْ ذِکْرِنَا

۴۔ ہم جنس، ہم آواز یا ہم مخرج حروف کا ایک دوسرے میں ادغام

دو حروف (۱) ہم جنس (۲) ہم آواز یا (۳) ہم مخرج اکٹھے ہوجائیں اور ان میں

یعنی پہلا ساکن ہو تو اس پہلے حرف کو بعد والے حرف میں مدغم کر دیتے ہیں جس کے نتیجے میں بعد والے حرف پر تشدید آجاتی ہے۔ پہلا حرف لکھنے میں تو باقی رہتا ہے مگر پڑھنے کے لحاظ سے بعد والے حرف میں شامل ہو کر اپنی حیثیت ختم کر دیتا ہے

(۱) جیسے يُوَجِّهْهُ سے يُوَجِّهُّ

اٰوَوْا۔ وَنَصَرُوْا سے اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا

(۲) نَخْلُقْكُمْ سے نَخْلُقكُّمْ۔

(۳) فَرَّطْتُمْ سے فَرَّطتُّمْ ۔ اِذْ ظَلَمُوْا سے اِذ ظَّلَمُوْا

مختصراً یہ کہہ سکتے ہیں کہ ساکن حرف کے بعد مشدّد حرف ہو تو پڑھنے کے لحاظ سے یہ ساکن حرف زائد ہوگا اور ہم اس ساکن حرف سے پہلے والے متحرک حرف کو سیدھا مشدّد حرف کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے۔

اِرْكَبْ مَّعَنَا کو اِرْكَمَّعَنَا اور قَدْ تَّبَيَّنَ کو قَتَّبَيَّنَ پڑھیں گے

اس سبق کی مشق کرتے ہوئے مشدّد حرف پر آواز ٹھہرائیں پھر اسکی حرکت پڑھتے ہوئے آگے چلیں مگر حرف سرعت (جلدی) سے ادا کریں سوائے "ن" اور "م" کے ان پر آواز ٹھہرا کر لمبی کریں پھر حرکت پڑھیں۔

مشق

حَطْتُّ	وَدْتَّ	مَنْ نِّ	قَدْ تَّ
اِنْ مِّ	وَوْدُّ	قُلْ رَّ	كَبْ مِّ
لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ		اِنْ نَّظُنُّ	اَرَدْتُّمْ
اَحَطْتُّ	رَاوَدْتُّهٗ	هَلْ لَّنَا	اِذْ ظَّلَمُوْا

مَنْ نَّكَثَ　　قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ　　عَفَوْا وَّ قَالُوْا

تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ　　اِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ　　اُوْوْا اَوْ نَّصَرُوْا

عَنْ مَّوَاضِعِهٖ　　يٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا　　قُلْ رَّبِّ

زِدْنِيْ عِلْمًا　　اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ

چھبیسواں سبق

(حروف جن پر آواز کو ٹھہراتے ہوئے لمبا کرتے ہیں)

اس سبق میں وہ تمام مقامات اکٹھے بیان کر دیئے گئے ہیں جہاں بعض ساکن حروف پر یا مشدد حروف پر (انکی حرکت پڑھنے سے پہلے) آواز کو ٹھہراتے ہوئے لمبا کرتے ہیں۔ ترتیل ترنم اور آواز میں زیر و بم پیدا کرنے کیلئے اس سے چونکہ بہت مدد ملتی ہے اس لیئے علیحدہ یکجائی طور پر یہ اکٹھے کر دیئے گئے ہیں تجوید کی اصطلاح میں کہیں اخفاء کی وجہ سے ساکن حرف کو لمبا اور غنہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ کہیں ادغام کی وجہ سے کہیں اقلاب واقع ہوا ہے۔ اصطلاحوں کی تفاصیل کو چھوڑتے ہوئے اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ ان مقامات پر ساکن یا مشدد حروف پر آواز کو ٹھہراتے ہوئے لمبا کرتے ہیں۔ مشق میں ان حروف کے نیچے علامت "=" لگا دی گئی ہے۔

مشق

۱۔ "م" ساکن جو "ب" متحرک سے پہلے ہو (اس پر آواز کو ٹھہرا کر لمبا کریں گے)

تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ　　وَمَا هُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنْهَا

۲۔ "ن" سے بدلی ہوئی "م": (اس پر بھی آواز کو ٹھہرا کر لمبا کرتے ہیں)

مِنۢ بَعۡدِ مِيۡثَاقِهٖ مِنۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ شِقَاقٍۢ بَعِيۡدٍ

۳۔ "م" مشدّد : (پر بھی آواز کو ٹھہرا کر لمبا کرتے ہیں)

مِمَّ خُلِقَ سَمّٰعُوۡنَ لِلۡكَذِبِ صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ

۴۔ "ن" مشدّد : (پر بھی آواز لمبی ہوتی ہے)

اِنَّمَا لَتُنَبَّئُنَّ اَيُّهَا النَّبِيُّ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيۡنَ

۵۔ "و" مشدّد } (پر بھی آواز لمبی ہوتی ہے)
۶۔ "ی" مشدّد } اگر ان سے پہلے نون ساکن یا تنوین ہو۔

مِنۡ وُّجۡدِكُمۡ خَيۡرٌ وَّاَبۡقٰى مَنۡ يَّقُوۡلُ

دُرِّيٌّ يُّوۡقَدُ مَنۡ يَّهۡدِ اللّٰهُ وَمَنۡ يُّضۡلِلۡهُ

لُّجِّيٍّ يَّغۡشٰهُ بَحۡرٍ لُّجِّيٍّ يَّغۡشٰهُ

۷۔ نون ساکن یا تنوین کے بعد چھ حروفِ حلقی "ء، ھ، ع، ح، غ، خ" حروفِ یرملون یعنی "ی، ر، م، ل، و، ن" اور ب کے علاوہ کوئی حرف ہوگا تو "ن" پر آواز کو ٹھہرا کر لمبا کریں گے۔

اِنۡ كُنۡتُمۡ قَوۡمًا صٰلِحِيۡنَ قَالَ وَمَنۡ كَفَرَ ۔

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا   لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ ـ

فَأُمَتِّعُهُ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهُ   حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا

تُحِبُّوْنَ   وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ   فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ

ستائیسواں سبق (گزشتہ اسباق میں سکھائے گئے قواعد کا اعادہ)

اس سبق میں دئے گئے جملوں کو پڑھتے ہوئے متحرک حروف کو لمبا ادا نہ کریں، حروف مدہ اور انکی قائمقام حرکات کو ٹھیک طرح لمبا کر کے پڑھیں، ساکن حروف پر آواز ٹھہراتے ہوئے پڑھیں انکو ہلنے سے بچائیں۔ سوائے پانچ حروف کے " ق، ط، ب، ج، د " (ان کو تھوڑی جنبش کے ساتھ پڑھیں) جن ساکن یا مشدّد حروف کے نیچے " = " علامت ہے ان پر آواز ٹھہراتے ہوئے قدرے لمبی کریں۔ پورا جملہ درمیان میں آواز توڑے بغیر ایک سانس میں پڑھنے کی مشق کریں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ ـ مِمَّنْ مَّنَعَ ـ مَسَاجِدَ اللّٰهِ =

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ،

اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ـ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا =

اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا،

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ ، فَلَا تَمُوْتُنَّ ـ

إِلَّا وَأَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ = فَلَا تَمُوْتُنَّ إِلَّا وَ

أَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ، فَلَنُوَلِّيَنَّكَ - قِبْلَةً

تَرْضٰهَا = فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ،

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا ، فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ -

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ ، فَلَا جُنَاحَ

عَلَيْهِ - أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا = فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ

أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ، فَقَالَ أَنْۢبِئُوْنِيْ ، فَإِذَا

تَطَهَّرْنَ فَأْتُوْهُنَّ ، مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللّٰهُ ،

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ - وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ =

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ،

فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ ، مِنْ أَخِيْهِ شَيْءٌ - فَاتِّبَاعٌۢ

بِالْمَعْرُوْفِ = مِنْ أَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ،

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ - ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً =

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً '

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ ' فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ '

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ' اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ '

لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ' وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ '

لَا انْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ' فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ -

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ - بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ =

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ '

وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ' اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ -

لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ - اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ =

لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ '

فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ ' فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ '

وَمَاهُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ ، مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ۔

وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ ، اَنْ يَّكْتُمْنَ مَاخَلَقَ اللّٰهُ ،

اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ، وَلَهُنَّ

مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ، فَاِنْ خِفْتُمْ

اَنْ لَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۔ فَلَاجُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْ مَا

افْتَدَتْ بِهٖ ۔ = فَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ

اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْ مَا افْتَدَتْ بِهٖ ،

فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا ۔ عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ۔

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا۔ =فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ

مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ، عَلِمَ اللّٰهُ

اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ ، وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ

سِرًّا ، قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا

اٹھائیسواں سبق

(مدّات)

حرفِ مد پر جو آواز قدرے لمبی ہوتی ہے اسے مدّ اصلی یا طبعی کہتے ہیں۔ حروفِ مدہ یا انکی قائمقام حرکات کے بعد اگر ہمزہ آجائے تو آواز مزید لمبی ہو جاتی ہے۔ اسے مدِّ زائد کہتے ہیں۔ مدِّ زائد کی علامت دو طرح کی ہے ۱۔ ٓ ۲۔ ٓ

۱۔ (مدِّ منفصل ٓ) حرفِ مد ایک لفظ کے آخر میں اور سببِ مد یعنی "ء" بعد والے لفظ کے شروع میں ہو۔ یہاں مدِّ زائد ہوتی ہے اور اسے مدِّ منفصل کہتے ہیں۔ مثلاً

اَلَا۔ اِنَّهُمْ سے اَلَآ اِنَّهُمْ۔ قَالُوْا۔ اَنُؤْمِنُ سے قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ

لَا يَسْتَحْيٖ۔ اَنْ يَّضْرِبَ سے لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ

۲۔ (مدِّ متصل ٓ) اگر حرفِ مد اور ہمزہ ایک ہی لفظ میں اکٹھے ہوں تو یہاں مدِّ زائد آتی ہے جسے مدِّ متصل یا مدِّ لازم کہتے ہیں۔ جیسے جَآءَ۔ سِيْٓـَٔتْ

مشق

وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ　　يٰٓاٰدَمُ　　يٰٓاِبْرٰهِيْمُ

وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍ　　وَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ　　بَنُوْٓ اِسْرَآئِيْلَ

نوٹ: ماہرینِ تجوید کے نزدیک لمبا پڑھنے کے لحاظ سے مدِّ منفصل کو تین الف کے برابر اور مدِّ متصل کو پانچ الف کے برابر وقت دیتے ہیں تاہم عام پڑھنے کے لحاظ سے حرکت (بَ) حرفِ مد (بَا) مدِّ منفصل اور مدِّ متصل کو بالترتیب تناسب کے ساتھ وقت کو بڑھاتے ہوئے پڑھ لیں تو خوش الحانی کا تقاضا پورا ہو جاتا ہے

حرفِ مد کے بعد ساکن حرف ہو یا مشدد حرف ہو اور اس حرفِ مد کا قائم رکھنا ضروری ہو تو یہاں بھی مدِّ زائد ہوتی ہے۔ آٰلْئٰنَ ۔ اَلْحَآقَّةُ

نوٹ: اگر حرفِ مد کے بعد ساکن یا مشدد حرف ہو تو اکثر اوقات حرفِ مد گرا دیا جاتا ہے۔ پڑھنے میں نہیں آئے گا۔ دیکھئے سبق نمبر 23۔

مشق

مُدْھَآمَّتٰنِ ضَآلًّا آٰلْئٰنَ آٰللّٰہُ

تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ حَآدَّ اللّٰہَ آٰمِّيْنَ حَآجُّوْنِّيْ

وَلَا الضَّآلِّيْنَ

نوٹ : حرفِ مدّ کو لمبا کرنے کے بعد مشدّد حرف کو مضبوطی سے ادا کیا جائے۔

حروفِ تہجّی جو بعض سورتوں کی ابتداء میں ہیں جن کو "مقطعات" کہتے ہیں ان میں سے جس حرف کے تلفظ میں حرفِ مدّ کے بعد ساکن حرف ہوگا اس پر بھی مدّ آئے گی۔ حرفِ لین بھی اسی حکم میں ہے کیونکہ اس کو بھی حرفِ مدّ کی طرح وقت دے کر پڑھا جاتا ہے۔

نٓ قٓ یٰسٓ الٓرٰ الٓمّٓ کٓھٰیٰعٓصٓ

طٰسٓمّٓ

کسی ایسے لفظ پر وقف کریں جس کے آخری حرف سے پہلے حرفِ مدّ ہو اور آخری حرف کو وقف کی وجہ سے ساکن کریں تو مدّ کا سبب پیدا ہو جائے گا یعنی حرفِ مدّ کے بعد ساکن حرف آجائے گا۔ تو یہاں بھی مدّ زائد ہوگی۔ جیسے اَلْبَیَانْ ۔ تَعْمَلُوْنْ اسے مدّ عارض وقفی یا مدّ عارض للسکون کہتے ہیں۔ تاہم پڑھنے والے کو اختیار ہے کہ حرفِ مدّ کو زیادہ لمبا کر کے پڑھے یا معمول کے مطابق لمبا پڑھ لے۔

اُنتیسواں سبق (بعض مشکل الفاظ پر مشتمل آیات کے ٹکڑے)

اس سبق کی مشق میں درج ذیل امور کی پابندی کریں۔

۱۔ حروف مدہ اور مدّات میں نمایاں فرق کے ساتھ پڑھیں۔ ۲۔ مشدد حروف کو مضبوطی سے ادا کریں (ان پر آواز قدرے ٹھہرانے کے بعد اتنی حرکت پڑھیں) ۳۔ جن حروف کے نیچے علامت " = " ہے صرف ان حروف پر آواز کو ٹھہراتے ہوئے لمبا کریں۔ ۴۔ ایک جملہ مسلسل بغیر آواز توڑے یا درمیان میں سانس لئے پڑھنے کی مشق کریں۔

سَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ ، عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ ،

کَمْ اٰتَیْنٰھُمْ ۔ مِنْ اٰیَۃٍ بَیِّنَۃٍ = کَمْ

اٰتَیْنٰھُمْ مِّنْ اٰیَۃٍ بَیِّنَۃٍ ، عَنِ النَّبَاِ الْعَظِیْمِ

یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ ، وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ،

وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ اٰمِنُوْا ، كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ۔

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ = كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ ،

كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ، اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ ،

كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِیْهِ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَیْهِمْ

قَامُوْا ، تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ، قُلْ

ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ - اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ = قُلْ

ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ ، اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ

فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ = اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ

هَدٰىنِ ، اِهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا ، وَبَرَكٰتٍ

عَلَيْكَ ، وَعَلٰٓى اُمَمٍ - مِّمَّنْ مَّعَكَ ،

= وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ، فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ

سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ، اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا

كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ - يُّوْقَدُ = اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا

كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ ، مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ ،

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ - مِنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ = اَلَمْ

نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ، يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ

الَّيْلَ ، يٰاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ ، وَلَاتُطِعْ

كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ، هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ۔

مَنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ = هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ ،

كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ ۔ يَغْشٰهُ مَوْجٌ - مِنْ فَوْقِهٖ

سَحَابٌ = كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ

مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ،

نوٹ : قاعدہ ترتیل القرآن کے بقیہ اسباق اساتذہ کی رہنمائی کے لئے ہیں۔ چھوٹے بچوں اور پہلی مرتبہ ناظرہ قرآن مجید پڑھنے والے افراد کو بقیہ اسباق پڑھائے بغیر قرآن مجید شروع کروا دیا جائے۔ ساتھ کے ساتھ یہ اسباق بھی جاری رکھیں۔

تیسواں سبق

وقف کے طریق

رموزِ اوقاف کے سلسلہ میں عمومی طور پر چار علامات کو پیشِ نظر رکھا جاتا ہے۔ آیت کی علامت " ○ "۔ وقف تام کی علامت " مـ ، ط "۔ وقفِ کافی کی علامت " ج "۔ جہاں مضمون کے اعتبار سے بات مکمل ہو جاتی ہو وہاں علامت " مـ ، ط " لگائی جاتی ہے۔ جہاں مضمون کے اعتبار سے کافی حد تک بات مکمل ہو وہاں علامت " ج " لگائی جاتی ہے۔ ان کے علاوہ بھی کئی ایک رموزِ اوقاف ہیں

تلاوتِ کلامِ پاک کرتے ہوئے جب وقف کرنا ہو تو لفظ پر ٹھہرتے ہوئے اس کے آخر میں بعض تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں ۱۔ آخر میں متحرک حرف ہو تو اسے ساکن کرتے ہیں۔ ۲۔ ضمہ یا کسرہ والی تنوین کو بھی سکون سے بدلتے ہیں ۳۔ آخر میں کسرہ اشباعیہ یا ضمہ اشباعیہ ہو تو اسے بھی سکون سے بدل دیتے ہیں ۴۔ آخر میں مشدد حرف ہو تو اسکی حرکت ختم کریں گے مگر تشدید کو ظاہر کرنے کیلئے اس حرف کو مضبوطی کے ساتھ پڑھنا ہوگا۔ ۵۔ آخر میں تاءِ مدورہ یعنی گول ۃ ہو تو اسے ھا ساکنہ (ساکن ہا) میں بدلتے ہیں۔ ۶۔ فتحہ والی تنوین ہو تو نونِ تنوین کو وقف کی صورت میں الف بنا کر پڑھیں گے خواہ الف لکھا ہو یا نہ لکھا ہو۔ ۷۔ ایسا لفظ جس کے آخر میں " ي " بغیر کسی علامت کے ہو اور اس سے پہلے والے حرف پر فتحہ ہو تو وقف کی صورت میں اسے فتحہ اشباعیہ کے طور پر یعنی لمبا کر کے پڑھیں گے تاہم اس لفظ کو آگے ملا کر پڑھنا ہو تو یہ فتحہ سادہ فتحہ کے طور پر ہی پڑھی جائے گی۔ ۸۔ آخر میں حرفِ مد ہو، فتحہ اشباعیہ ہو یا ساکن حرف ہو تو وقف کی صورت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

درج ذیل مقامات پر وقف کرتے ہوئے آخر کو ساکن کر دیتے ہیں۔

۱۔ آخری حرف پر فتحہ، کسرہ، ضمہ ہو تو اسے ساکن کر دیتے ہیں۔

وَالِدَتُكَ ٥ رُسُلِ ٥ بِالْقِسْطِ م صٰدِقِيْنَ ٥

فِيْهِ ج يُنْفِقُوْنَ ٥ زَوْجَيْنِ ط شُهَدَآءُ ط

عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ط اِيَّايَ ط هُوَ م فَنَسِيَ ٥

نوٹ: "و، ي" متحرک سے پہلا حرف بھی متحرک ہو تو یہ وقف کی صورت میں حروفِ مدہ کے طور پر پڑھی جاتی ہیں انکی حرکت ختم ہو جائے گی اور پچھلی آواز لمبی ادا ہوگی۔

۲۔ آخر میں "کسرہ" والی یا "ضمہ" والی تنوین ہو تو اسے ساکن کر دیتے ہیں۔

لَهَبٍ ط حَافِظٌ ٥ شَانٍ ٥ عَظِيْمٌ م شَيْءٍ ج

لَهْوٌ ط بَرْقٌ ج مُلْكٌ م

۳۔ آخری حرف پر کسرہ اشباعیہ یا ضمہ اشباعیہ ہو تو اسے سکون میں بدل دیتے ہیں۔

غَيْرِهٖ ٥ دَلْوَهٗ ٥ بِاِذْنِهٖ ط حَمِدَهٗ م

۴۔ حرفِ مشدد پر وقف کرتے ہوئے اسکی حرکت ختم ہوگی۔ مگر تشدید ظاہر کرنے کیلئے آواز کو ذرا کھینچیں "تا حرف جو دو چند ہے، دو چند ہی پڑھا جائے۔

تَبَّ ط فِيْهِنَّ ط جَآنٌّ ج ٥ اَمَرَّ ٥ مُسْتَقَرٌّ ٥

۵۔ "ۃ" پر وقف کی صورت میں اسے "ہْ" ساکن بنا دیتے ہیں۔

قُوَّۃً ط (قُوَّہْ) ثَمٰنِیَۃٌ ○ تُقٰۃً ط

۶۔ فتحہ والی تنوین پر وقف کرنا ہو تو نونِ تنوین کو الف بنا کر پڑھیں گے۔

رَقِیْبًا ○ (رَقِیْبَا) ضُحًی ○ مُصَلًّی ○ نِسَآءً ج

نِدَآءً ط بِنَآءً ص سَوَآءً ط

۷۔ لفظ جس کے آخر میں "ی" کسی علامت کے بغیر ہو اور اس سے پچھلے حرف پر سادہ فتحہ (َ) ہو تو اس لفظ پر وقف کی صورت میں یہ سادہ فتحہ، فتحہ اشباعیہ کے طور پر پڑھی جائے گی۔ جیسے

اَعْلَی ○ = اَعْلٰی ، اَشْقَی ○ = اَشْقٰی

۸۔ آخر میں الف ہو، فتحہ اشباعیہ ہو یا ساکن حرف ہو تو وقف کی صورت میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔

اَبٰی ○ زَكَرِيَّا ○ قَوَارِيْرَا ○ كُوِّرَتْ ○ تَنْهَرْ ○

فَحَدِّثْ ○ ذِكْرٰی ○

اکتیسواں سبق

(ہمزہ وصلی)

عربی الفاظ کے شروع میں بعض اوقات الف ہوتا ہے۔ اگر لفظ علیحدہ پڑھنا ہو تو شروع کا الف ہمزہ کے طور پر پڑھا جاتا ہے۔ اگر اس سے پہلے کوئی لفظ آجائے تو یہ الف ساقط ہو جاتا ہے، اس ساقط ہونیوالے الف کو ہمزہ وصلی (ملانے والا ہمزہ) کہتے ہیں۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہمزہ وصلی کے ساتھ لفظ کو پڑھنا ہو تو اس پر کونسی حرکت آئے گی۔

ا ۔ اگر تو لفظ کے شروع میں " ا ل " زائد آیا ہو جیسے کِتَابٌ سے اَلْکِتَابُ رَحْمَانٌ سے اَلرَّحْمَانُ تو اس ہمزہ وصلی کو فتحہ کے ساتھ پڑھیں گے جیسا کہ ان مذکورہ مثالوں سے ظاہر ہے۔ اَلَّذِيْ ، اَلَّذِيْنَ ، اَلَّتِيْ وغیرہ کے شروع میں بھی ہمزہ وصلی ہے اور یہ فتحہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

ب ۔ اگر لفظ کے شروع میں صرف " ا " ہو تو پھر اس سے تیسرے حرف کی حرکت دیکھیں۔ اگر تو تیسرے حرف کی حرکت ضمہ ہو تو ہمزہ وصلی کو ضمہ کے ساتھ پڑھیں۔ جیسے اذْكُرْ سے اُذْكُرْ ۔ اگر الف سے تیسرے حرف کی حرکت فتحہ یا کسرہ ہو تو دونوں صورتوں میں ہمزہ وصلی یعنی شروع کے الف کو کسرہ کے ساتھ پڑھیں گے جیسے افْتَحْ سے اِفْتَحْ ، اغْفِرْ سے اِغْفِرْ ، اسْتِغْفَار سے اِسْتِغْفَار

نوٹ : یہ قاعدہ عربی نہ جاننے والوں کیلئے ہے، کبھی اس قاعدہ سے ہٹ کر بھی ہمزہ وصلی پر حرکت آسکتی ہے مثلاً اسْمٌ لفظ اِسْمٌ ہے۔ امْرُؤٌ لفظ اِمْرُؤٌ ہے۔ ابْنُوْا لفظ اِبْنُوْا پڑھا جائے گا وغیرہ۔

مشق

ا ۔ درج ذیل عبارت میں جو جو لفظ " ا ل " کے ساتھ ہے اسکو ہمزہ وصلی کے ساتھ پڑھنے کی مشق کریں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۔ هُدًى

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ ۔

ب ۔ درج ذیل عبارت میں جو لفظ الف کے ساتھ شروع ہوتا ہے اسکے ہمزہ وصلی کو اوپر "ب" جزو میں بتائے گئے طریق پر پڑھنے کی مشق کریں۔

قُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ۔ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ

فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۔ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ ۔

اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۔ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ ۔

ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۔ فَادْخُلِيْ

فِيْ عِبَادِيْ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ۔

تینتیسواں سبق

(تنوین کا ہمزہ وصلی کے ساتھ پڑھنا)

ا ۔ تنوین والے لفظ کو اس کے بعد والے ہمزہ وصلی (الف سے شروع ہونے والے لفظ) کے ساتھ پڑھنا ہو تو تنوین کے نون کو ظاہر کرنے کیلئے اسے نون مکسور (نِ) کی صورت میں پڑھا جاتا ہے۔ مثلاً اَحَدٌ اللّٰهُ سے اَحَدُ نِ اللّٰهُ ۔ قَدِيْرٌ

اَلَّذِيْ سے قَدِيْرُ اِۨلَّذِيْ ۔ مُّرِيْبِ اَلَّذِيْ سے مُّرِيْبِ اِۨلَّذِيْ ۔ جیسے کہ ان مثالوں سے ظاہر ہے تنوین کے نون کو نون مکسور (کسرہ والا) کے طور پر مابعد ہمزہ وصلی کی جگہ پڑھا جاتا ہے ۔

ب ۔ قرآن مجید کی بعض طباعتوں میں تنوین کے نون کو مابعد ہمزہ وصلی کے نیچے لکھا ہوتا ہے ۔ آپ کسی وجہ سے تنوین والے لفظ پر رکتے ہیں تو تنوین کا نون واپس اپنے لفظ پر آجائے گا اور مابعد لفظ اپنے ہمزہ وصلی کے ساتھ پڑھا جائے گا ۔ مثلاً

عَرْضَاۨ ۙ اِۨلَّذِيْنَ ، یہ اصل میں عَرْضًا ۙ الَّذِيْنَ ہے ۔ آپ سبق ۳۰ میں پڑھ آئے ہیں کہ فتحہ والی تنوین پر وقف کرتے ہوئے تنوین کے نون کو الف کی صورت میں پڑھا جاتا ہے ۔ چنانچہ عَرْضًا ۙ پر وقف کا قاعدہ استعمال کرتے ہوئے عَرْضَا پڑھیں گے ۔ آگے ہمزہ وصلی فتحہ کے ساتھ پڑھا جائے گا اَلَّذِيْنَ ۔ اسی طرح

شِيَبَاۨ ۗ اِۨلسَّمَآءُ اصل میں شِيَبًا ۗ السَّمَآءُ ہے ۔ وقف کی صورت میں شِيَبَا ۗ اَلسَّمَآءُ ہوگا ۔

مشق

ا ۔ علامت " ۙ " پر بغیر وقف کئے ملا کر پڑھیں ۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ اۨلَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ مَنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ۙ اۨلَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيَاهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ۝

نوٹ : ہمزہ وصلی یعنی لفظ کے شروع میں الف کے اوپر علامت " ص " صاد کی علامت ہے جو بتاتی ہے کہ یہ ہمزہ وصلی ہے۔ اس ہمزہ کو پڑھنے کیلئے موقعہ کے مطابق حرکت دے کر پڑھیں گے۔

ب ۔ علامتِ آیت " ۝ " پر وقف کرکے پڑھیں۔

وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ۙ

اِۨلَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ

وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ۝ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ

اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۝ۖ

اِۨلسَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ۝ۙ اِۨلَّذِيْ جَعَلَ مَعَ

اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۔

ج ۔ خط کشیدہ الفاظ کو اکٹھا پڑھیں۔

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ

خَيْرَا ۨ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ط

تینتیسواں سبق (فتحہ کے بعد الف زائد)

قرآن مجید کی عبارت میں دو موقعے ایسے ہوتے ہیں کہ مفتوح (یعنی فتحہ والے) حرف کے بعد الف لکھا ہوتا ہے مگر پڑھنے میں نہیں آتا۔

ا ۔ لفظ " اَنَا " اس کے معنے ہیں " میں " اس کا تلفظ " اَنَ " ہے۔

ب ۔ تنوین سے بدلے ہوئے نون (نِ) سے پہلے اگر الف ہو تو اس نون کو ظاہراً پڑھنے کی صورت میں اس سے پہلے والا الف نہیں پڑھا جائے گا ۔ مثلاً شَيْـئًا اِتَّخَذَ دونوں الفاظ کو اکٹھا پڑھیں تو شَيْـئَنِ اتَّخَذَ پڑھا جائے گا۔

اگر تنوین سے بدلے ہوئے نون (نِ) سے پہلے والے لفظ کو علیحدہ پڑھنا ہو تو یہ نون واپس اپنے لفظ پر چلا جائے گا جیسا کہ آپ تیسویں سبق میں پڑھ آئے ہیں مثلاً نُفُوْرًا ۞ اِسْتِكْبَارًا سے وقف کی صورت میں نُفُوْرًا ۞ اِسْتِكْبَارًا پڑھا جائے گا۔

نوٹ : یہ آپ کو معلوم ہوگا کہ فتحہ والی تنوین پر وقف کریں تو تنوین کا نون الف کی صورت میں پڑھا جاتا ہے لہذا نُفُوْرًا سے نُفُوْرَا پڑھا جائے گا۔

مشق

ا ۔ درج ذیل آیات میں خط کشیدہ لفظ کو اوپر جزو " ا " میں دی گئی وضاحت کے مطابق پڑھیں۔

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَ

الْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۔

ب ۔ درج ذیل عبارت میں علامتِ آیت پر ایک مرتبہ وقف کر کے اور دوسری مرتبہ بغیر وقف کے پڑھیں۔

وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ۙ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ ۔

فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۗ ۖ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۙ اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ ۔

چونتیسواں سبق (وقف، وقفہ، سکتہ اور امالہ)

وقف : وقف رکنے کو کہتے ہیں اصطلاح میں اس سے مراد یہ ہے کہ آپ تلاوت کرتے ہوئے کسی کلمہ پر اتنی دیر کیلئے آواز روکیں جس میں کہ عادۃً انسان سانس لے سکے اور وقف کے بعد قراءت جاری رکھنے کا ارادہ ہو۔

وقفہ اور سکتہ یہ ہے کہ پڑھتے ہوئے توقف کریں مگر سانس نہ لیں۔ توقف قدرے زیادہ ہو تو وقفہ ہوتا ہے، توقف کم ہو تو سکتہ۔ گویا وقفہ، وقف کے اور سکتہ ملا کر پڑھنے کے قریب ہے۔

وقفہ اور سکتہ کی طرزِ ادا کے ذریعہ ایک خاص کیفیت کا اظہار مقصود ہوتا ہے کہیں یہ لجاجت کے اظہار کیلئے ہوتا ہے۔ کہیں اضطراب کی کیفیت کیلئے اور کبھی گزشتہ منفی

مفہوم سے مبرّا کیفیت کو مثبت رنگ میں نمایاں بیان کرنے کیلئے۔ مثلاً
وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ٥ سكتة قَيِّمًا ترجمہ: اور اس میں کوئی کجی نہیں رکھی پیچ سے معمور اور صحیح رہنمائی کرنے والی (ہے)۔ گویا عِوَجًا سے نقائص سے بریت اور قَيِّمًا خوبیوں سے معموریت کا ذکر فرمایا۔ لہٰذا عِوَجًا پر پورا وقف کرنے کی بجائے تھوڑا توقف کرکے قَيِّمًا کو اس کے ساتھ پڑھنے سے یہ کیفیت بنتی ہے۔

جس لفظ پر وقفہ یا سکتہ ہوگا، آخر میں تبدیلی کے لحاظ سے اس پر وقف کے احکام جاری ہوں گے۔

وقف اور وقفہ کی مشق

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ
وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ
نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا
كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا
تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفہ
وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا
عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ٥ (البقرة)

وقف اور سکتہ کی مشق

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝

وَ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ۝ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا

فَاقِرَةٌ ۝ كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۝ وَقِيْلَ مَنْ سكتہ

رَاقٍ ۝ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ

بِالسَّاقِ ۝ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۣالْمَسَاقُ ۝ (القیامۃ)

امالہ : امالہ کے لفظی معنی مائل کرنے کے ہیں۔ قراءت میں امالہ سے مراد فتحہ کو کسرہ کی طرف اور الف کو ي کی طرف مائل کرکے پڑھنا ہے۔ الف کو ي کی طرف مائل کرکے پڑھنے کی مثال درج ذیل ہے۔

وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا[1] وَمُرْسٰىهَا

اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (ہود)

---

[1] یہاں "ر" کی کسرہ اشباعیہ کو یائے مجہول کی طرح پڑھنا ہے۔ چنانچہ مَجْرِیهَا کی بجائے مَجْرےهَا پڑھیں گے۔

نوٹ : مَجْرٖىهَا اصل میں مَجْرٰىهَا یعنی "ر" کی فتحہ کے ساتھ ہے اور قرآن مجید کے بعض عرب چھاپوں میں مَجْرٰىهَا ہی لکھا جاتا ہے مگر اس کے ساتھ یہ نوٹ دیا ہوتا ہے

تتمہ

۱۔ تلاوت میں سلاست، روانی، ترنم اور آواز بنا کر پڑھنے کیلئے جن امور کی ضرورت ہے پچھلے اسباق میں بڑی وضاحت سے بیان کئے گئے ہیں۔ حروفِ مدہ اور انکی قائمقام حرکات کو مناسب لمبا کرنا، جہاں علامتِ مد آجائے وہاں مزید لمبا کر کے پڑھنا۔ مشدد حروف کو مضبوطی سے یعنی ان پر آواز قدرے ٹھہراتے ہوئے پڑھنا۔ ساکن حرف یا مشدد حرف کو اسکی حرکت پڑھنے سے پہلے جہاں لمبا ہونا چاہیئے وہاں لمبا کر کے پڑھنا۔ اگر ان چیزوں کی اچھی طرح مشق کر لی گئی ہو تو روانی، آسانی اور خوش الحانی سے تلاوت کی جا سکتی ہے۔

۲۔ تسلسل اور روانی کیلئے یہ بات یاد رکھیں کہ جہاں لمبا کرنا ہو وہاں لمبا کرنے کے بعد آواز ٹوٹنی نہیں چاہیئے علامتِ مد والے حرف کو لمبا کرنے کے بعد اکثر لوگ آواز توڑ دیتے ہیں۔ اور پھر اگلا حصہ پڑھتے ہیں، اس میں اگر دقت ہو تو پچھلے اسباق میں مزید محنت کی ضرورت ہے لمبا کرنے کے بعد آواز ٹوٹنی نہیں چاہیئے۔ ورنہ ظاہر ہے تسلسل نہیں رہے گا اور تلاوت میں روانی نہیں آئے گی

۳۔ تلاوت میں اس امر کا اہتمام کریں کہ جہاں علامتِ وقف ہو وہاں ضرور وقف کریں۔ وقف کی صورت میں جو تبدیلیاں ہوتی ہیں تیسویں سبق میں بیان کی گئی ہیں۔ ان کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب تبدیلی کے ساتھ وقف کریں۔

۴۔ اگر بغیر علامتِ وقف کے بھی رُکنا پڑے تو بھی وقف کے قواعد کے مطابق مناسب تبدیلی کے ساتھ وقف کریں اور پھر دوبارہ پیچھے سے ملا کر پڑھیں۔

۵۔ علامتِ وقف کے بغیر اگر رُکنا پڑے تو جہاں لفظ ختم ہوتا ہے وہیں رکیں۔ لفظ کے درمیان میں آدھا لفظ پڑھ کر نہ رکیں، دوبارہ شروع کرتے وقت بھی خیال رکھیں کہ جس طرح لفظ ہے اسی طرح پڑھیں، اپنے پاس سے کمی بیشی نہ کریں۔ مثلاً یہ آیت پڑھتے ہوئے "

امالہ: کہ فتحہ کو کسرہ کی طرف اور الف کو یاء کی طرف مائل کر کے پڑھا جائے۔ اور اس مائل کر کے پڑھنے کی طرف اشارہ کرنے کیلئے "ر" کے نیچے "ہ" علامت لگاتے ہیں یعنی لفظ اس طرح لکھا ہوا ملے گا مَجْرٖىهَا۔ اور پڑھنے میں "ر" کو یائے مجہول کی طرح "رے" کر کے پڑھیں گے۔

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ آپ اَلْمُؤْمِنُ پر رکیں تو پہلے یہ اہتمام ہو کہ آپ اَلْمُؤْمِنُ پر ٹھہریں گے نہ کہ اَلْمُؤْمِنُ کا اَلْ پڑھ کر (یعنی اَلسَّلٰمُ اَلْ کہہ کر) رک جائیں۔ اسی طرح جب آگے چلنا ہے تو بھی پورے لفظ کو شروع سے پڑھنا ہے سَلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ نہیں پڑھنا' چونکہ "ال" سَلٰمُ کے لفظ کا حصہ ہے اس لئے "و" کو فتحہ دیتے ہوئے اَلسَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ پڑھیں گے۔

۶۔ سکتہ اور وقفہ : صوتی حسن وجمال کا تقاضا یہ ہے کہ آواز صاف ہو اور آواز میں روانی اور تسلسل ہو۔ آواز ٹوٹتی ہو تو اس سے خوبصورتی متاثر ہوتی ہے۔ لہذا آیت کا ایک حصہ پڑھتے ہوئے ضروری ہے کہ جب تک وقف کرنا مقصود نہ ہو آواز میں تسلسل رہے۔ لیکن قرآن کریم پڑھتے ہوئے ہم نے صرف آواز پر ہی زور نہیں دینا بلکہ مفہوم کے مطابق پڑھنا اصل مقصد ہے۔ اور آواز میں روانی پیدا کرنے کی ہماری کوشش بھی اصل میں اسی مقصد کیلئے ہے کہ جس طرح ہم اپنی زبان میں ایک جملہ تسلسل سے بولتے ہیں درمیان میں زبان لڑکھڑائے یا آواز ٹوٹے تو وہ گفتگو کو بھونڈا بنا دیتی ہے۔ تاہم قرآن کریم کی جو زبان ہے اس میں بعض اوقات مفہوم کو نمایاں کرنے کیلئے جملے کے دوران تھوڑا سا توقف کرتے ہیں مگر سانس نہیں توڑتے اس کو سکتہ کہتے ہیں جیسے قِيْلَ مَنْ سکتہ رَاقٍ ہے قاعدہ کے مطابق اسے مَنْ رَاقٍ (مَرَّاقٍ) پڑھا جانا چاہئے تھا جیسے مِنْ + رَّبِّهِمْ کو ہم مِرَّبِّهِمْ پڑھتے ہیں۔ لیکن یہاں چونکہ مَنْ پر تھوڑا سا توقف کرنے یعنی معمولی سا ٹھہرنے سے مفہوم واضح ہوتا ہے اور اسکا حسن دوبالا ہوتا ہے اس لئے مَنْ کی "م" کو "راقٍ" کی "ر" سے ملانے کی بجائے مَنْ ہی پڑھیں گے اور سانس توڑے بغیر ذرا سا توقف کرتے ہوئے اگلا لفظ رَاقٍ پڑھیں گے۔ اس معمولی سے توقف کو سکتہ کہتے ہیں۔

۷۔ وقفہ : سکتہ طویلہ کی علامت ہے یعنی یہاں قدرے زیادہ توقف کرنا ہوتا ہے مگر سانس نہیں توڑا جاتا جیسے وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ اس کو اگر تسلسل سے پڑھتے جائیں تو جملے کی بناوٹ اور مفہوم کا حسن قائم نہیں رہتا۔ لہذا وَاعْفُ عَنَّا پڑھ کر آواز بند ہو مگر سانس نہ ٹوٹے ورنہ وقف ہو جائے گا جس سے پھر حسنِ مفہوم

متاثر ہوگا۔

قارئین وقفہ اور سکتہ کے ساتھ پڑھنے سے سمجھ سکتے ہیں کہ قرآن پاک کے مفہوم و مطالب کو قائم رکھنے کیلئے روانی اور تسلسل کے ساتھ پڑھنا کتنا اہم اور ضروری ہے اگر ہم تلاوت کرتے ہوئے جابجا آواز توڑیں گے اور سکتہ اور وقفہ والی کیفیت پیدا کریں گے تو کلام اللہ کا صوتی حسن متاثر ہوگا۔

تلاوت کے چار مختلف انداز (تحقیق، حدر، تدویر، ترتیل)

تحقیق : تحقیق کے لفظی معنی ہیں کسی کام کو کما حقہٗ بجالانے کی کوشش کو اس طور سے انتہاء تک پہنچادینا کہ اس کام کو کرتے ہوئے نہ افراط برتا جائے نہ تفریط سرزد ہو۔

ماہرین علم تجوید کے ہاں تجوید کے قواعد کے استعمال میں غلو سے بچنے، اسی طرح ان قواعد کے بارہ میں بے اعتنائی روا نہ رکھ کر تلاوت کرنے کا نام تحقیق ہے۔

حدر : یہ لفظ حُدُور سے ہے جس کے معنی ھُبُوط یعنی اوپر سے نیچے آنے کے ہیں ماہرین تجوید کے ہاں قرارت کے قواعد کو ملحوظ رکھتے، سرعت وروانی کے ساتھ پڑھنے کا نام حدور ہے۔

تدویر : تحقیق و حدر کے بین بین پڑھنے کو تدویر کہتے ہیں۔ جیسے کہ بالعموم نماز میں قرارت ہوتی ہے۔

ترتیل : ٹھہر ٹھہر کر، سمجھ کر، بغیر عجلت کے روانی سے پڑھنے کو ترتیل کہتے ہیں۔ ماہرین فن کے نزدیک تحقیق کا انداز قواعد کی مشق کیلئے اور ترتیل تدبر، غور اور استنباط کیلئے ہے۔

خاکسار کی رائے میں تلاوت کرنے والے کا مطمح نظر ترتیل ہی ہونا چاہئیے۔ کیونکہ قرآن مجید میں جہاں ترتیل کے ساتھ قرآن مجید پڑھنے کا ارشاد ملتا ہے وہاں مخاطب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور تہجد کے نوافل کا ذکر ہے۔ اس سیاق وسباق سے معلوم ہوتا ہے کہ ترتیل سے مراد محض گاکر پڑھنا نہیں بلکہ خوبصورتی سے رواں پڑھنے کے ساتھ ساتھ تلاوت میں غور وفکر کو بھی کام میں لانا ترتیل ہے۔ چنانچہ عربی لغت میں ترتیل

کے ایک معنی خَفْضُ الصَّوْتِ عِنْدَ الْقِرَاءَتِ کے لکھے ہیں یعنی قراءت میں آواز کو دھیما رکھنا اور یہ کیفیت تہجد کے عین موافق ہے۔ لہٰذا ایک قاری کا مطمعِ نظر خوش الحانی سے پڑھنے کے ساتھ ساتھ کلامِ الٰہی سے معرفت حاصل کرنا بھی ہونا چاہیئے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے عربی الفاظ اور عربی جملوں کی بناوٹ و ترکیب سے واقفیت ضروری ہے تاکہ ترجمہ کے بغیر عربی عبارت کے مضمون کی طرف توجہ مرکوز ہو جائے۔ یہ ملکہ پیدا کرنے کیلئے قرآنِ مجید کی عربی کے اسباق پر مشتمل تقریباً سو صفحات کی مختصر کتاب مرتب کی گئی ہے جو الطریق الیٰ تدبر القراٰن المجید کے نام سے جس کا اردو نام اسلوب فہم قرآن ہے، طبع ہو چکی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ثُمَّ الْحَمْدُ لِلّٰہ

آداب تلاوت

کلام اللہ کے تقدس واحترام کا تقاضا ہے کہ اسے پاک صاف ہو کر پاکیزہ و پرسکون ماحول میں پڑھا جائے پھر تعوذ و تسمیہ پڑھ کر ذہنی و فکری پاکیزگی و بالیدگی حاصل کی جائے نیز تلاوت کے دوران مضمون کو اپنے پروارد کرتے ہوئے آیت رحمت پر توقف کر کے رحمت طلب کی جائے اور آیت عذاب پر توقف کر کے اللہ کی پناہ کا طلبگار ہوا جائے۔

قرآن مجید میں بعض مقامات پر مضمون کے اعتبار سے مخصوص کلمات دہرائے جاتے ہیں جن میں سے بعض درج ذیل ہیں۔

آیت: غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّیْن

جن پر نہ تو بعد میں تیرا غضب نازل ہوا اور نہ وہ گمراہ ہو گئے   جواب: آمین

آیت: فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۭ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ (سورۃ الاعراف آیت 186 المرسلات آیت 51)

پھر وہ اس کھلی بات کے بعد کس بات کے ذریعہ ایمان لائیں گے؟

جواب: اٰمَنَّا بِاللّٰہ   ہم اللہ پر ایمان لاتے ہیں

آیت: فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ (سورۃ الواقعہ آیت 75-97 سورۃ المعارج آیت 53)

پس تو اپنے عظمت والے رب کے نام کے ذریعے سے اس کی پاکیزگی بیان کر

جواب: سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ   پاک ہے میرا رب بڑی عظمت والا

آیت: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (سورۃ الرحمٰن)

پھر بتاؤ تو سہی کہ تم دونوں اپنے رب کی نعمتوں میں سے کس کس کا انکار کرو گے

جواب: لَا بِشَیْءٍ مِّنْ نِّعَمِكَ رَبَّنَا نُكَذِّبُ فَلَكَ الْحَمْدُ

اے ہمارے رب ہم تیری نعمتوں میں سے کسی ایک کا بھی انکار نہیں کرتے پس حمد و ثنا تیرے ہی لئے ہے

آیت: فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ (سورۃ الملک آیت 31)

تو بہنے والا پانی تمہارے لئے خدا کے سوا کون لائے گا

جواب: اَللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ   اللہ جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے

آیت: اَلَیْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤى اَنْ یُّحْیِ َۧ الْمَوْتٰى (سورۃ القیامۃ آیت 41)

کیا یہ خدا اس بات پر قادر نہیں کہ مردوں کو پھر زندہ کردے

جواب: بَلٰی   کیوں نہیں

آیت: سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى (سورۃ الاعلیٰ آیت 2)

اپنے بزرگ و برتر رب کے نام کا بے عیب ہونا بیان کر

جواب: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى   پاک ہے میرا رب بلند شان والا

آیت: ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ (سورۃ الغاشیہ آیت 27)

پھر ان سے حساب لینا بھی یقیناً ہمارا ہی کام ہے

جواب: اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنَا حِسَابًا يَّسِيْرًا   اے ہمارے اللہ ہمارا محاسبہ آسان کرنا

آیت: اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ (سورۃ التین آیت 8)

کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں

جواب: بَلٰى وَ اَنَا عَلٰى ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ

کیوں نہیں اور میں تو اس امر پر گواہوں میں سے ہوں

آیت: فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ (سورۃ النصر)

اس وقت تو اپنے رب کی تعریف کے ساتھ ساتھ اس کی پاکیزگی بیان کرنے میں مشغول ہو جائیو اور استغفار میں لگ جائیو

جواب: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ

اے میرے اللہ تو پاک ہے، اے ہمارے رب اور تعریف تیرے ہی لئے ہے اے اللہ میری مغفرت فرما

سجدہ تلاوت کی عمومی دعا:

اَللّٰهُمَّ سَجَدَ لَكَ رُوْحِيْ وَ جَسَدِيْ وَ جَنَانِيْ

اے میرے اللہ میری روح میرا جسم اور میرا دل تیرے حضور سجدہ ریز ہے

قرآن مجید سے حقیقی طور پر فیض پانے کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا وَّ نُوْرًا وَّ هُدًى وَّ رَحْمَةً۔ اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ مَا نَسِيْتُ وَ عَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَاۤءَ الَّيْلِ وَ اٰنَاۤءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اے میرے اللہ مجھ پر قرآن عظیم کی برکت سے رحم فرما اور اسے میرے لئے امام، نور، ہدایت اور رحمت بنا

اے خدا جو کچھ میں قرآن مجید سے بھول جاؤں وہ مجھے یاد دلا دے اور جو مجھے نہیں آتا وہ مجھے سکھا دے اور

اے رب العالمین اسے میرے فائدے کے لئے حجت کے طور پر بنا دے